نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

امریکی چینوک ہیلی کاپٹروں نے زلزلہ زدہ علاقوں میں تعمیراتی سامان کی ترسیل کا ایک ہفتہ مکمل کرلیا

اسلام آباد (12 اکتوبر 2006) --تین امریکی چینوک ہیلی کاپٹر پاکستان کے شمال مشرقی علاقوں میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر تعمیراتی سامان کی ترسیل کا آج ایک ہفتہ مکمل کرنے کے بعد پاکستان سے واپس روانہ ہوگئے۔ ان علاقوں کے لوگ ۸ اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلہ کے بعد تعمیر نو کی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ یہ تعمیراتی سامان جو آلائی، کاغان اور وادئ نیلم کے ایسے علاقوں میں پہنچایا گیا ہے جہاں تک بذریعہ سڑک رسائی تقریباً ناممکن ہے، وہاں کے لوگوں کو موسم سرما کی آمد سے قبل عارضی ٹھکانوں کی تعمیر میں مدد دیگا۔

چینوک ہیلی کاپٹروں نے جنہیں زلزلہ کے فوراً بعد انکے فعال اور فوری ردعمل کی وجہ سے علاقہ کے لوگوں نے ''رحمت کے فرشتے'' کے نام سے موسوم کیا گزشتہ ہفتہ تقریباً اڑتالیس ہزار پاؤنڈ وزنی کنکریٹ، اور پچھتر ہزار پونڈ وزنی لہریے دار لوہے کی چادریں صوبہ سرحد اور آزاد جموں اور کشمیر کے علاقوں میں اپنے پائلٹ اور عملہ کی مدد سے پہنچائیں۔ ان ہیلی کاپٹروں کی مدد سے لوہے کی چادریں، پلاسٹک کے پائپ، آہنی سلاخیں اور سیمنٹ کی ترسیل کی گئی جس کی مدد سے ان علاقہ کے لوگوں نے اپنے انفرادی گھروں کی تعمیر نو اور علاقہ کے لئے بنیادی سہولیات جیسے پانی کی سہولت کی تعمیر کے لئے استعمال کیا۔ ۱۰ اکتوبر کو چینوک ہیلی کاپٹروں نے پچیس ٹن سیمنٹ، آہنی سلاخیں، پی وی سی پائپ صوبہ سرحد میں دانا اور ماچیارا کے مقامات تک پہنچائے جس سے مقامی ضروریات کے لئے پانی کا ٹینک تعمیر کیا جائے گا۔

تعمیراتی سامان کے علاوہ، ایک خصوصی پھیرے کے ذریعہ، وادئ آلائی میں مہرا کیمپ کی سابق رہائشی خواتین کے لئے سلائی مشینوں کی ترسیل کی گئی۔ یہ سلائی مشینیں ان تین کمیونٹی سینٹر کو چلتے رہنے میں مدد فراہم کرینگی جو وہاں کی مقامی خواتین کے لئے روزگار کا ایک ذریعہ بھی ہیں۔ ان علاقوں میں ہیلی کاپٹروں کے اُترنے کے بعض مقامات انتہائی تنگ جیسے سطح سمندر سے ۷۵۰۰ فٹ بلند صرف ۵۰ فٹ چوڑے تھے۔ ہیلی کاپٹروں کے عملہ میں بیشتر وہ افراد شامل تھے جو گزشتہ سال پاکستان میں امدادی سرگرمیوں میں شرکت کر چکے تھے۔ چینوک ہیلی کاپٹر کے پائلٹ بارٹ میک پیک نے جو کنساس سٹی کے رہنے والے ہیں کہا کہ ہمیں یہ جان کر خوشی ہوئی کہ ہم لوگ جو سامان ان علاقوں میں پہنچا رہے ہیں ان کی مدد سے ان کو سردیوں کا موسم بہتر انداز میں گزارنے میں مدد ملیگی۔

چینوک ہیلی کاپٹر امید کی علامت اور حکومت امریکہ کے اس مستقل عزم کے آئینہ دار ہیں جس کے تحت اس قدرتی آفت سے نبرد آزما پاکستانیوں کو دوبارہ بحالی کی طرف لایا جاسکے گا۔ امریکہ نے یو ایس ایڈ کے ذریعہ زلزلہ سے تعمیر نو کے لئے اگلے چار سالوں میں ۲۰۶ ملین ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ ڈیڑھ ارب ڈالر کے اس پروگرام کے علاوہ ہے جو یو ایس ایڈ آئندہ پانچ سالوں میں تعلیم، صحت اور نظم ونسق کو بہتر بنانے اور اقتصادی ترقی کے لئے فراہم کریگا۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3